Social Studies (Urdu Medium) - 5th Class Social Studies Chapter 4 Short Questions

Q1. ایتھنز کے لوگوں کی کیا دل چسپی تھی.

Ans 1: ایتھنز کے لوگ فنون لطیفہ میں دل چسپی رکھتے تھے. اور تعلیم پر توجہ دیتے تھے

Q2. رومیوں کی زبان کون سی تھی.

Ans 1: رومیوں کی زبان لاطینی تھی.

Q3. دو قومی نظریہ سے کیا مرادہے. اس نظریہ کا بانی کسے کہا جاتا ہے.

Ans 1: دو قومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں. ان دونوں کا مذہب ، تاریخ ، ثقافت اور تہزیب ایک دوسرے سے مختلف ہیں. اس لیے یہ دونوں ایک ساتھ نہیں رہ سکتے اس کے بانی سر سید احمد خان تھے

Q4. یونانی تہذیب کی مشہور شخصیات کون سی ہیں.

Ans 1: سقراط ، افلاطون، ارسطو اور سکندر اعظم .

Q5. سن 1857 کی جنگ آزادی کا زمہ دار کون تھا.

Ans 1: اس کا زمہ دار انگریز نے مسلمانوں کو ٹھرایا

Q6. بیگم رعنا لیاقت علی خان کا مختصر تعارف کریں.

Ans 1: بیگم رعنا لیاقت علی خان تحریک پاکستان کی سرکردہ کارکن اور ممتاز سیاسی شخصیت تھیں. وہ پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی اہلیہ تھیں

Q7. پاکستان میں سب سے پہلے کس صوبے نے شامل ہونے کا فیصلہ کیا.

Ans 1: پاکستان میں سب سے پہلے سندھ نے شامل ہونے کا فیصلہ کیا.

Q8. یونانی تہذیب کب اور کہاں پروان چڑھی

Ans 1: یونانی تہزیب آج سے تقریبا چار ہزار سال قبل بحیرہ روم کے کنارے پروان چڑھی

Q9. دنیا کی اولین تہذیبوں میں سے تین کے نام.

Ans 1: یونانی تہذیب . رومی تہذیب . گندھارا تہذیب

Q10. کس مسلمان رہنما نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے قوم کا لفظ استعمال کیا.

Ans 1: سر سید احمد خان نے سب سے پہلے برصغیر کے مسلمانون کےلیے قوم کا لفظ استعمال کیا.